2019 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II ( کلاس بارھویں )

اردو اعلیٰ پرچہ۔ دوسرا

وقت = 2.30 گھنٹے

کل نمبر = 80

## انشائیہ

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

## حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) تھا بندھا تار فرشتوں کا درِ اقدس پر شبِ معراج میں تھا عرشِ معلّٰی بادل

(ii) آمدورفت میں تھا ہم قدم برق براق مرغزارِ چمن عالمِ بالا بادل

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 1 + 4 + 4 + 4

(i) ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

(ii) حضرتِ ناصح گر آئیں، دیدہ و دل فرشِ راہ کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا

(iii) نہ ربط اس سے نہ یاری آسماں سے جفا بہرِ عدو لاؤں کہاں سے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

مرحوم ہماری قدیم تہذیب کا بے مثال نمونہ تھے۔ شرافت اور نیک نفسی ان پر ختم تھی۔ چہرے سے شرافت، ہمدردی اور شفقت ٹپکتی تھی اور دل کو ان کی طرف کشش ہوتی تھی۔ ان کے پاس بیٹھنے سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوئی چیز ہم پر اثر کر رہی ہے۔ درگزر کا یہ عالم تھا کہ کوئی ان سے کیسی ہی بدمعاملگی اور بدسلوکی کیوں نہ کرے، ان کے تعلقات میں کبھی فرق نہ آتا تھا۔ جب ملتے تو اسی شفقت و عنایت سے پیش آتے اور کیا مجال کہ اس بدسلوکی یا بدمعاملگی کا ذکر زبان پر آنے پائے۔

4۔ میر تقی میر یا خواجہ حیدر علی آتش میں سے کسی ایک کے مختصر حالاتِ زندگی اور شاعری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 10 = 4 + 6

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کے سوانحی حالات اور نثر نگاری کی خصوصیات لکھیے۔ 5 = 2 + 3

(i) فرحت اللہ بیگ (ii) نیاز فتح پوری

6۔ '' میاں محمد بخش '' کے سوانح حیات اور کلام کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 10 = 4 + 6

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(الف) میرا پسندیدہ شاعر (ب) حب الوطنی (ج) دہشت گردی

**Paper Code Number: 4371**

2019 (A)

رول نمبر ________

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

# اردو اعلیٰ پرچہ ـ دوسرا

وقت = 30 منٹ

کل نمبر = 20

## معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) '' چند ہم عصر '' کے مصنف ہیں۔
(A) مولانا حاؔلی (B) مولوی عبدالحق (C) شبلی نعمانی (D) مولانا محمد حسین آزاد

(2) درسی کتاب کے سبق رحمۃ اللعالمینؐ کے مصنف قاضی محمد سلمان پیدا ہوئے۔
(A) لکھنؤ میں (B) دلی میں (C) منصور پور میں (D) رام پور میں

(3) '' ارباب حل وعقد '' مرکب ہے۔
(A) مرکب اضافی (B) مرکب عطفی (C) مرکب مقداری (D) مرکب توصیفی

(4) مولانا حاؔلی کا نواسہ کس بیماری میں مبتلا تھا؟
(A) ہیضہ (B) صَرَع (C) ملیریا (D) تپ دق

(5) مضمون اور انشائیہ دونوں کے ابتدائی نمونے ______ کے ہاں ملتے ہیں۔
(A) سرسید احمد خاں (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) مولوی ذکاءاللہ (D) محمد حسین آزاد

(6) نظم درحقیقت ایک شاخ گل ریز ہے۔
(A) فصاحت کی (B) بلاغت کی (C) جذبات کی (D) احساسات کی

(7) سقراط رہنے والا تھا۔
(A) ایران کا (B) یونان کا (C) ہندوستان کا (D) جاپان کا

(8) نیاز فتح پوری نے رسالہ جاری کیا۔
(A) ادبِ لطیف (B) نقوش (C) نگار (D) ساقی

(9) فلپ نوجوان تھا۔
(A) فرانسیسی (B) برطانوی (C) چینی (D) عربی

(10) '' الفاظ کی کہانی '' کہانی ہے۔
(A) علمی ترقی کی (B) انسانی ارتقا کی (C) ادبی معراج کی (D) انسانی فضیلت کی

(11) مولانا ظفر علی خان کے اخبار کا نام تھا۔
(A) انقلاب (B) زمیندار (C) احسان (D) حریّت

(12) میر حسن کی مشہور مثنوی ہے۔
(A) گلزارِ نسیم (B) سحرالبیان (C) زہرِ عشق (D) خواب وخیال

(13) دیا شنکر نسیم شاگرد تھے۔
(A) انشا کے (B) آتؔش کے (C) مصحفؔی کے (D) سوؔدا کے

(14) مثنوی کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں۔
(A) ہم قافیہ (B) ہم قافیہ وہم ردیف (C) ہم ردیف (D) ایک دوسرے سے مختلف

(15) آپ کے نصاب میں شامل '' حمد '' کس شاعر کی ہے؟
(A) بہادر شاہ ظفؔر (B) سراج الدین ظفؔر (C) ظفر علی خاں (D) مولانا حاؔلی

(16) غزل کا '' باوا آدم '' کہا جاتا ہے۔
(A) ولی دکنی کو (B) میر تقی میؔر کو (C) محمد قطب شاہ کو (D) خواجہ میر درؔد کو

(17) خواجہ میر درؔد کا تعلق کس شہر سے تھا؟
(A) لکھنؤ سے (B) آگرے سے (C) دہلی سے (D) فیض آباد سے

(18) میر تقی میؔر پیدا ہوئے۔
(A) احمد آباد میں (B) اکبر آباد میں (C) الہ آباد میں (D) مرشد آباد میں

(19) مصحفؔی کا اصل نام تھا۔
(A) غلام ربانی (B) غلام حمدانی (C) غلام ہمدانی (D) علی تابانی

(20) علامہ محمد اقبالؒ کا مقامِ پیدائش ہے۔
(A) لاہور (B) سیالکوٹ (C) بالاکوٹ (D) راولاکوٹ

## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN

## OBJECTIVE KEY FOR ITERMEDEAT ANNUAL/SUPPLY EXAMINATION,2019'

Name of Subject: اردو اعلیٰ Session: ____________

| Q.Nos | Paper Code 4371 | Paper Code | Paper Code | Paper Code |
|---|---|---|---|---|
| 1 | B | | | |
| 2 | C | | | |
| 3 | B | | | |
| 4 | B | | | |
| 5 | A | | | |
| 6 | A | | | |
| 7 | B | | | |
| 8 | C | | | |
| 9 | A | | | |
| 10 | B | | | |
| 11 | B | | | |
| 12 | B | | | |
| 13 | B | | | |
| 14 | B | | | |
| 15 | C | | | |
| 16 | A | | | |
| 17 | C | | | |
| 18 | B | | | |
| 19 | C | | | |
| 20 | B | | | |

**سرٹیفکیٹ بابت صحیح سوالیہ پرچہ / مارکنگ Key**

ہم نے مضمون اردو اعلیٰ پرچہ دوسرا گروپ — سکیم ______ انٹر سالانہ امتحان 2019ء کا سوالیہ پرچہ انشائیہ و معروضی (Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کر کے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات / مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

**Prepared & Checked By:** **Dated:** 21-05-2019

| S.# | Name | Designation | Institution | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر ریاض حسین | اسسٹنٹ پروفیسر | گورنمنٹ کالج سول لائنز ملتان | 0321-6396971 | [signature] |
| 2 | سید محمد مبشر رضا نقوی | اسسٹنٹ پروفیسر | گورنمنٹ علمدار حسین اسلامیہ ڈگری کالج ملتان | 03007184532 | [signature] |
| 3 | | | | | |